Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر ایکٹ کی سماعت کے دوران آئین کی حرمت و بالادستی کے حوالے سے چیف جسٹس آف پاکستان کے ریمارکس

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے فل کورٹ سماعت کے دوران آئین کی حرمت کے حوالے سے چیف جسٹس آف پاکستان کے ریمارکس حوصلہ افزا قرار

چیف جسٹس کی جانب سے دستور سے انحراف کی سیاہ ترین روایت پر عدالتی تاریخ کا حوالہ ہر لحاظ سے چشم کشا ہے،

آئینِ پاکستان بالاجماع مقدس ترین اور ناقابلِ تنسیخ دستاویز ہے، ترجمان تحریک انصاف

ملک پر مسلط ماضی اور حال کے سارے عذابوں کی جڑ میں دستور سے انحراف جیسا گناہِ کبیرہ کارفرما ہے،

گزشتہ 17 ماہ کے دوران بالعموم جبکہ پچھلے 5 ماہ کے دوران بالخصوص دستور شکنی کے سلسلۂ بد میں مزید شدّت پیدا ہوئی ہے، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

جمہور کو ان کی دستوری حیثیت سے محروم کرتے ہوئے عوام کے ٹیکسوں پر پلنے والی ریاستی مشینری کو فسطائیت کا لائسنس دیکر شہریوں کو محکوم بنالیا گیا ہے، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

جمہوریت کو ریاستی تنخواہ داروں کے اقلیّتی گروہ کے رحم و کرم پر جبکہ الیکشنز کو ماورائے آئین سیلیکشنز سے بدل دیا گیا ہے، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

سیاست کو پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت اور اس کے کروڑوں وابستگان کیلئے ممنوع جبکہ مافیاز اور مجرموں کے عوامی نمائندگی سے یکسر محروم اقلیّتی گروہ کی اجارہ داری میں دے دیا گیا ہے،

صاف شفاف انتخابات کے انعقاد کا ذمہ دار ادارہ آئین اور عدالتِ عظمیٰ کے احکامات کی نہایت بے شرمی و ڈھٹائی سے پامالی اور جمہور کو ووٹ کے حق سے محروم کرنے کا کلیدی وسیلہ بن چکا ہے،

کسی بھی ثانوی ایجنڈے کی جانب نگاہ اٹھانے سے پہلے چیف جسٹس دستور کی بحالی اور اس کی حرمت کے دفاع کے بنیادی آئینی فریضے پر توجّہ اور توانائیاں مرکوز کریں، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

قوم اس باب میں چیف جسٹس آف پاکستان کی جانب دیکھتی اور ان کی کامیابی کیلئے نیک تمنّائیں اور جذبات رکھتی ہے، ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ